Publication: Nawa-i-Waqt **Edition:** Islamabad **Date:** 02 Dec 2010

پاکستان میں بڑے سینگوں والے سلیمان مارخور کی بقاء کیلئے آئی یو سی این کا سروے

اسلام آباد (نوائے وقت نیوز) صوبہ بلوچستان کے علاقے زیارت کے پہاڑی سلسلے پر پائے جانے والے پہاڑی بکرے، بڑے سینگوں والے سلیمان مارخور کے بارے میں معلومات جمع کرنے کیلئے وائلڈ لائف سروے کیا گیا۔ یہ سروے انٹرنیشنل یونین فار کنزرویشن آف نیچر (IUCN) نے بلوچستان کے جنگلات و جنگلی حیات کے محکمہ اور SUSG-CAsia پراجیکٹ کوئٹہ کے تعاون سے کیا گیا تھا۔ اس سروے کیلئے مقامی ارکان نے مختلف مقامات پر مارخور کی موجودگی اور ان کی طرز حیات کا سروے کیا۔ زیارت کے پہاڑی سلسلے خلیفت میں کئے جانے والے سروے میں مارخور کی انتہائی کم تعداد کا انکشاف ہوا۔ سروے میں ملیقت پہاڑی سلسلے میں بھی مارخور پائے گئے۔ اس موقع پر پراجیکٹ منیجر تمر (Mangroves) جنگلات، غلام قادر شاہ نے کہا کہ اس علاقے میں پہلی دفعہ سائنسی بنیادوں پر مارخور کی موجودگی ثابت کی گئی ہے۔ اس سے پہلے آئی یو سی این کی جنگلی حیات کو لاحق خطرے کے بارے میں لسٹ پر سلیمان مارخور پر معلومات نہیں تھیں۔ آئی یو سی این اسی طرح کے دیگر سروے بھی اگلے سال کرے گا تاکہ مارخور کی مجموعی تعداد جانی جا سکے۔ انہوں نے اس موقع پر اس سروے میں مدد کرنے پر محکمہ جنگلات و جنگلی حیات بلوچستان، SUSG اور مقامی آبادی کی تعریف کی۔ اس موقع پر محکمہ جنگلات و جنگلی حیات بلوچستان کے کنزرویٹر اختر حسین بازئی اور نیشنل پراجیکٹ منیجر SUSG کے طاہر رشید نے بھی سروے کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ سلیمان مارخور پاکستان کی قومی جنگلی حیات میں شامل ہے جو آئی یو سی این کی فہرست میں بھی شامل ہے جن کی بقاء کو خطرہ ہے۔ یہ پاکستان، افغانستان، بھارت، تاجکستان اور ازبکستان میں پایا جاتا ہے جو 600 سے 3600 میٹر اونچائی پر پائے جاتے ہیں۔

Publication: Aajkal **Edition:** Islamabad **Date:** 02 Dec 2010

مارخور کی بقاء کیلئے آئی یو سی این کا سروے

کراچی: صوبہ بلوچستان کے علاقے زیارت کے پہاڑی سلسلے پر پائے جانے والے پہاڑی بکرے، بڑے سینگوں والے سلیمان مارخور کے بارے میں معلومات جمع کرنے کیلئے وائلڈ لائف سروے کیا گیا۔ یہ سروے انٹرنیشنل یونین فار کنزرویشن آف نیچر نے بلوچستان کے جنگلات و جنگلی حیات کے محکمہ اور SUSG-CAsia پراجیکٹ کوئٹہ کے تعاون سے کیا گیا تھا۔ اس سروے کیلئے مقامی ارکان نے مختلف مقامات پر مارخور کی موجودگی اور ان کی طرز حیات کا سروے کیا۔ زیارت کے پہاڑی سلسلے خلیفت میں کیے جانے والے سروے میں مارخور کی انتہائی کم تعداد کا انکشاف ہوا۔ سروے میں ملیقت پہاڑی سلسلے میں بھی مارخور پائے گئے۔ اس موقع پر پراجیکٹ منیجر محکمہ جنگلات، غلام قادر شاہ نے کہا کہ اس علاقے میں پہلی دفعہ سائنسی بنیادوں پر مارخور کی موجودگی ثابت کی گئی ہے۔ اس سے پہلے آئی یو سی این کی جنگلی حیات کو لاحق خطرے کے بارے میں لسٹ پر سلیمان مارخور پر معلومات نہیں تھیں۔ (اسٹاف رپورٹر)